بہترین صدقہ اللہ کی راہ میں سایہ دار خیمہ لگانا، یا اللہ کے راستہ میں کسی خادم کا عطیہ دینا، یا اللہ کے راستہ میں جوان اونٹنی دینا ہے۔

ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”بہترین صدقہ اللہ کی راہ میں سایہ دار خیمہ لگانا، یا اللہ کے راستہ میں کسی خادم کاعطیہ دینا، یا اللہ کے راستہ میں (جفتی کے قابل) جوان اونٹنی دینا ہے“۔
[حَسَنْ] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔ - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔]

انسان کا بہترین صدقہ یہ تین چیزیں ہیں: خیمہ کا سایہ مہیا کرنا، یا خادم کا عطیہ دینا، یا جفتی کے قابل جوان اونٹنی کا صدقہ کرنا، خواہ یہ صدقہ اللہ کے راستہ میں مجاہدین پر ہو، یا ان کے علاوہ دیگر محتاج لوگوں پر ہو۔ اس لئے کہ محتاجوں پر صدقہ کرنا بھی اللہ کے رساتہ میں دینا ہے۔ مذکورہ چیزوں کی افضلیت شاید اس لیے ہے کہ اس زمانہ میں لوگوں کو ان کی ضرورت تھی، جس کی وجہ سے نبی ﷺ نے انہیں ان چیزوں کے صدقہ کی ترغیب دی۔ البتہ اب لوگوں کو ان اشیاء کی ضرورت نہ ہونے کے برابر ہے، یا ہے تو وہ صرف کچھ جگہوں میں اور بہت ہی کم ہی باقی ہے۔ جب کہ حکم اکثر کے تابع ہوتا ہے۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3568

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY